SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# <u>PRESS RELEASE</u>

For immediate release
March 19, 2021

**Be Cautious of Unlawful Investment Scheme of La Ville De Paris**

ISLAMABAD, March 19: To protect the general public from unlawful/illegal activities being carried out by various companies, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), frequently issues public warnings advising the general public to refrain from investing in any fraudulent investment scheme.

Recently, it has been noticed form print and electronic media that a company namely "La Ville De Paris Housing Scheme Limited" a sister concern of "Master Tiles & Ceramics Industries Limited" is inviting public to purchase certificate namely Le Paris Registration Certificate to become entitled for investment in residential and commercial property schemes to be launched by the company in future. While company is offering a minimum guaranteed return per certificate and eligibility for lucrative cash prizes through a lucky draw.

The general public is hereby informed that investment opportunity, whereby any future return/benefit, determined by chance or lottery or like manner, is assured or promised in return for a deposit or contribution is an unlawful activity and is a ground for winding up of such a company in terms of section 301 of the Companies Act, 2017. Moreover, inviting money from general public to offer any return is a restricted business activity and can only be offered by specialized companies duly authorized by the SECP or the SBP. The aforementioned company has explicitly declared in its Memorandum of Association, that it shall not engage in any lottery business or any restricted or unlawful business.

While the SECP is reviewing activities being carried out by the above-mentioned company, it is deemed appropriate to alert the public against possible misuse of the registration status of the company to mislead them. The general public, in their best interest, is advised to refrain from investing their hard-earned money in any unauthorized scheme.

ایس ای سی پی کا ہاوسنگ سوسائٹیوں کی جانب سے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ پر منافع اور انعامات کی گارنٹی کی اسکیموں بارے انتباہ

اسلام آباد (مارچ 19) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف کی جانب سے عوام الناس کو متبنہ کیا جاتا ہے کہ کسی بھی ہاوسنگ یا دیگر اسکیموں کی جانب سے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی فروخت اور سرٹیفکیٹ پر منافع یا قرعہ اندازی کے ذریعے انعامات دئے جانے کی گارنٹی دینے کی اسکیمیں خلاف قانون ہیں۔اس قسم کی اسکیمیں چلانے والی کمپنیوں کے خلاف کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 301 کے تحت کارروائی کی جاسکتی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے عوام الناس کو مسلسل متنبہ کیا جارہا ہے کہ سرمایہ کاری اور قرعہ اندازی کے ذریعے گارنٹی سے انعامات اور منافع دینے والی جعلی اور غیر قانونی سکیموں میں اپنا قیمتی سرمایہ لگانے سے پرہیز کریں۔ ایس ای سی پی کے مشاہدہ میں آیا ہے کہ ایک کمپنی میسرز لا ویلا دی پیرس ہاوسنگ سکیم لمٹیڈ (La Ville De Paris Housing Scheme Limited) جو کہ میسرز ماسٹر ٹائلز اینڈ سریمک انڈسٹریز لمٹیڈ سے منسلک کمپنی ہے، کی جانب سے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر کمپنی کی ہاوسنگ سکیم 'لا پیرس' کی رجسٹریشن کے سرٹیفکیٹ خریدنے کے لیے اشتہارات دئے گئے ہیں۔ ان رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ کی خریداری پر، کمپنی کی جانب سے مستقبل میں شروع کئے جانے والی رہائشی اور کمرشل پراپرٹی کی سکیموں میں سرمایہ کاری کی مواقع دئے جائیں گے جبکہ سرٹیفیکیٹ کی خریداری پر گارنٹیڈ انعامات اور نقد انعامات کا لالچ اور وعدے کئے گئے ہیں۔

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سرمائے پر منافع کی گارنٹی یا کسی بھی قسم کی لاٹری پر انعام کی یقین دہانی ایک غیر قانونی سرگرمی ہے۔ کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 301 کے تحت ایسی سرگرمی میں ملوث کمپنی کو بند کئے جانے کی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

یاد رہے کہ کسی کمپنی کی ایس ای سی پی سے رجسٹریشن کا قطعاً یہ مطلب نہیں کہ یہ کمپنی عوام سے سرمایہ کاری کے نام پر فنڈز اکٹھا کرسکتی ہیں۔ عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ ایسی سکیموں سے گمراہ نہ ہوں اور ان کمپنیوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا لین دین کر رہے ہیں۔ غیر قانونی اور مشکوک کاروباری سرگرمیوں میں ملوث کچھ کمپنیوں کی فہرست ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر مندرجہ ذیل لنک پر بھی موجود ہے؛

https://www.secp.gov.pk/document/list-of-companies-indulged-in-unauthorized-activities/?wpdmdl=41058&refresh=5ff2b4f5a82801609741557